سوال

(98) نماز جنازہ بلند آواز سے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جنازہ بلند آواز سے پڑھنا شریعت محمدیہ میں جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنازہ بلند آواز سے پڑھنا جائز ہے، مسلم جلد نمبر ۱ صفحہ ۳۱۱ میں حدیث ہے، عوف بن مالک رحمہ اللہ نے بیان کیا:

((صلی رسول اللہ ﷺ علی جنازة فحفظت من دُعائِہٖ وھُوَیقول اَللّٰھُمّ اغْفِرلَہٗ وَارْحَمْہُ الخ))

اس حدیث سے ظاہر ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جہری آواز سے جنازہ پڑھا ہے، اس کا انکار حدیث کا انکار ہے۔

(فتاویٰ اہل حدیث جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۴۵۷)

(یوسف ابراہیمی مدرس مدرسہ دارالعلوم امرتسر تبائید محدث روپڑی)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 171

محدث فتویٰ